سوال

(115)مغرب، عشاء اور فجر کی نمازوں میں قرات جہری کیوں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مغرب، عشاء اور فجر کی نمازوں میں قرات جہری کیوں ہوتی ہے اور دیگر فرض نمازوں میں کیوں نہیں؟ اس حکمت کی دلیل کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ سبحانہ وتعالی ہی بہتر جانتا ہے کہ ان نمازوں میں جہری قرات میں کیا حکمت ہے؟ لیکن بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے کہ رات کی ان نمازوں میں اور صبح کی نماز میں لوگ جہری قرات سے زیادہ مستفید ہوسکتے ہیں اور ظہر وعصر کی نمازوں کی نسبت ان نمازوں کے اوقات میں ان کی مشغولیت بھی کم ہوتی ہے۔ واللہ اعلم۔

فتاویٰ ابن باز